## حضرت حاجی عبدالوہاب صاحب کی رحلت سے امت مسلمہ ایک شفیق ہستی سے محروم ہوگئی

(جامعہ بنوری ٹاؤن میں تعزیتی اجتماع سے مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا امداداللہ یوسف زئی کا خطاب)

کراچی (مولانا طلحہ رحمانی)......وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر نے امیر تبلیغی جماعت حاجی عبدالوہاب کے انتقال کو عالم اسلام کے لئے عظیم صدمہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی دعوتی و تبلیغی خدمات عالم اسلام کے لئے سرمایہ اور مشعل راہ ہیں، ان کی دعوتی خدمات سے دنیا بھر میں اسلام کا آفاقی پیغام اجاگر ہوا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن میں بہت بڑے تعزیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ حاجی صاحب مرحوم کی خدمات سے اللہ نے لاکھوں انسانوں کی زندگیوں میں دین کی عالی نسبت سے انقلاب برپا کیا، ان کی دعوتی فکر سے عالم اسلام میں اخلاقی، دینی وملی خدمات اجاگر کرنے کا سبب بنیں، اللہ کے ایسے برگزیدہ بندے صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں، صدر وفاق المدارس نے مزید کہا کہ موجودہ حالات میں مسلمانوں میں اصلاح احوال کے لئے حاجی عبدالوہاب رحمہ اللہ کی تبلیغی فکر سے رہنمائی حاصل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، امت کی زبوں حالی، اختلاف اور عدم برداشت کے ماحول میں ان کی دردمندانہ دعائیں ہم سب کے لئے رحمت کا ذریعہ تھیں، اس سعادت سے آج ہم محروم ہوگئے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ حاجی صاحب کے حق میں مستقل ایصال ثواب کا اہتمام کیا جائے اور ان کی دعوتی واصلاحی فکروں کو اجاگر بھی کیا جائے، اس موقع پر وفاق المدارس صوبہ سندھ کے ناظم مولانا امداداللہ یوسف زئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حاجی صاحب کی رحلت سے امت مسلمہ سوگوار ہے دنیا بھر میں اللہ نے ان کو کئی انسانوں کی ہدایت کا ذریعہ بنایا، ان کی زندگی کا شخصی کردار امت کے لئے سائبان کی مانند تھا انہوں مزید کہا کہ ان کی خدمات سے ایک جہان فیض یاب ہوا، امت مسلمہ کے لئے ان کا وجود بہت بڑی نعمت تھا، ان کے جانے سے بہت بڑا خلاء پیدا ہوگیا ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ ان جیسی شفیق ہستی صدیوں میں پیدا ہوتی ہے، اس موقع پہ وفاق المدارس کے میڈیا کوآرڈینیٹر مولانا طلحہ رحمانی نے کہا کہ حاجی عبدالوہاب کے انتقال سے دنیا بھر کے مسلمان یتیم ہوگئے ہیں، ان کے جنازہ میں لاکھوں افراد کے شریک ہونے سے ان کی قبولیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے رات بھر امت کے غم میں رونے اور دن میں مخلوق کو خالق سے ملانے کی فکر میں رہنے والے حاجی صاحب اللہ کے مقبول بندوں میں تھے، ان کے انتقال کی خبر سنتے ہی ہزاروں مدارس سے وابستہ لاکھوں افراد میں غم کی لہر دوڑ گئی۔

نماز جنازہ میں شرکت کے لئے وفاق المدارس کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری، معاون صدر وفاق مولانا ڈاکٹر سعید خان سمیت مرکزی دفتر ملتان کے ذمہ داران، ملک بھر سے مسئولین و منتظمین رائیونڈ پہنچے، مولانا طلحہ رحمانی نے مزید بتایا کہ ہزاروں مدارس میں تعزیتی اجتماعات کا اہتمام ہوا، صوبہ سندھ میں مولانا قاری عبدالرشید، مولانا ڈاکٹر سیف الرحمٰن، مولانا مسعود احمد سومرو، مولانا ڈاکٹر ادریس سومرو، مولانا جمیل احمد بندھانی، مفتی عبیداللہ انور، مولانا محمد یوسف، مفتی محمد اکمل، مولانا محمد سلیم، مولانا محمد الیاس سمیت کراچی میں مولانا عبدالرزاق، مولانا قاری حق نواز، مفتی اکرام الرحمٰن، مولانا الطاف الرحمٰن، مولانا قاری زبیر احمد، مولانا محمد احمد حافظ، مولانا منظور احمد عباسی، مولانا عبیدالرحمٰن چترالی اور مولانا عبدالجلیل نے مختلف مدارس میں حاجی عبدالوہاب کے سانحہ رحلت پہ تعزیتی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے ان کی تبلیغی ودعوتی خدمات کو اجاگر بھی کیا۔ دریں اثناء وفاق المدارس کے مرکزی دفتر ملتان میں بھی حاجی صاحب کے لئے ایصال ثواب اور تعزیتی پروگرام ہوا جس سے مرکزی ناظم دفتر مولانا عبدالمجید، ناظم جنوبی پنجاب مولانا زبیر احمد صدیقی، مولانا سیف اللہ نوید، چوھدری محمد ریاض عابد، مولانا عبدالمتین اور اسلام علی شاہ سمیت دیگر نے بھی شرکت کی۔

## حضرت حاجی عبدالوہاب صاحبؒ کی زندگی جہد مسلسل سے عبارت تھی

اسلام آباد (مولانا عبدالقدوس محمدی)......امت حاجی صاحب کے مشن کو جاری رکھنے کا عزم اوران کے درجات کی بلندی کے لیے دعاوں کا اہتمام کرے۔ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا انوار الحق، مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی اور مولانا محمد حنیف جالندھری نے تبلیغی جماعت کے امیر حاجی عبدالوہاب صاحب کی رحلت پر اپنے تعزیتی بیان میں کیا- انہوں نے کہا کہ حاجی عبدالوہاب صاحب کی رحلت پوری انسانیت کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ان کی رحلت سے پیدا ہونے والا خلاء کبھی پر نہیں کیا جا سکے گا- وفاق المدارس کے قائدین نے کہا کہ حاجی عبدالوہاب امت کے اتحاد و یکجہتی کا استعارہ تھے- ان کی پوری زندگی دین کی دعوت تھی۔انہوں نے اکابر کی روایات اور محنت کو جس طرح زندہ رکھا وہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ وفاق المدارس کے قائدین نے کہا کہ حاجی عبدالوہاب صاحب کی رحلت بہت بڑا سانحہ ہے لیکن قوم صبر وتحمل کا مظاہرہ اوران کے مشن کو آگے بڑھانے کا عزم کرے۔ وفاق المدارس کے قائدین نے دنیا بھر میں دینی خدمات سرانجام دینے والے فضلاء وفاق, مساجد کے ائمہ وخطباء اور ارباب مدارس سے بالخصوص اور پوری امت سے بالعموم حاجی صاحب اور دیگر تمام مسافران آخرت کے درجات کی بلندی کے لیے دعاوں کی اپیل کی۔

## دینی مدارس نے ملکی استحکام کے لیے گرانقدر خدمات انجام دی ہیں

### عصری تعلیمی اداروں میں علوم کو بیچا جارہا ہے جبکہ دینی مدارس میں مفت تعلیم دی جاتی ہے

### حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری کا وہاڑی میں عظیم الشان ''پیغام مدارس'' کانفرنس سے خطاب

کراچی/ ملتان (مولانا طلحہ رحمانی) ناظمِ اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری نے کہا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کے مقاصد سمیت تمام مذہبی وسیاسی مقاصد کو مدارس دینیہ پورا کررہے ہیں، تمام اسلامی دنیا میں اسلام کے بنیادی اصولوں کو مدارس مسلمانوں تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں جو سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ دینی تعلیم عوام کو فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے لیکن حکومتیں اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں بری طرح ناکامی سے دوچار ہیں۔ آئے دن حکمران دینی مدارس پر مختلف جھوٹے الزامات لگاتے رہتے ہیں۔ پرویز مشرف نے دینی مدارس کو بند کرنے کی کوششیں کیں وہ دینی مدارس تو بند نہ کرسکا الٹا پاکستان میں اپنا داخلہ بند کروا بیٹھا اور آج اللہ کی پکڑ میں ہے، ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر اہتمام وہاڑی میں بہت بڑی سیرت النبی و پیغام مدارس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر ایم این اے طاہر اقبال چودھری، مولانا مفتی ناصرالدین خاکوانی، مولانا مفتی محمد زبیر، مولانا ظفر احمد قاسم، مولانا محمد طیب حنفی، قاری محمد منور، مولانا محمد ہارون، قاری محفوظ الحق قاسمی، قاری نور محمد شاہین، قاری محمد صدیق، مولانا غلام مرتضیٰ، چودھری مقصود احمد، عبدالخالق وٹو کے علاوہ دینی مدارس کے اساتذہ اور طلبہ کی کثیر تعداد موجود تھی۔ مولانا قاری محمد حنیف جالندھری کا کہنا تھا کہ آج تک یہ تجربہ ہے کہ ہمیشہ سکول وکالج، ڈاکٹرز، وکلاء ہڑتال کرتے ہیں لیکن دینی مدارس میں آج تک کسی دینی مدرسہ نے ہڑتال جیسا مذموم کام نہیں کیا۔ آج معاشرہ کے تمام طبقات اپنے کام کی فیسیں لیتے ہیں لیکن دینی مدارس بغیر فیس کے دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ دینی مدارس طلبہ کو علاج، خوراک اور دیگر تمام بنیادی ضروریات مفت فراہم کررہے ہیں۔ آج کے دور میں تمام علوم بیچے جارہے ہیں جبکہ الحمدللہ دینی مدارس میں مفت تعلیم دی جاتی ہے۔ وفاق المدارس کے زیر انتظام بیس ہزار سے زائد مدارس کام کررہے ہیں، اور ان مدارس کے زیر انتظام تیس لاکھ سے زائد طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ وفاق المدارس کے زیر انتظام خواتین کے مدارس بنات کی بہت بڑی تعداد بھی علم وآگہی کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، دینی مدارس جہالت کے خاتمے کے لیے معاشرہ میں ایک مثالی اور اہم کردار ادا کرتے ہوئے جہالت و ناخواندگی کے خاتمہ کا فریضہ بھی انجام دے رہے ہیں۔ آج الحمدللہ دینی مدارس میں قومی عصبیت کا نام ونشان نہیں، تمام قومیتوں کے طلبہ

ایک چھت کے نیچے محبت سے رہتے ہیں۔دینی مدارس پاکستان کے اکائی کی بنیاد ہیں۔دینی مدارس میں کسی قسم کی علاقائی تقسیم نہیں ہے۔دینی مدارس پاکستان کومضبوط کرنے اورقوم کوایک پیج پرجمع کرنے میں اہم کرداراداکررہے ہیں۔دینی مدارس کی برکت سے پاکستان دین کے قلعہ اور پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کے محافظ ہیں۔مدرسہ اور دینی طبقہ پہرہ دار ہے ٹھیکیدار نہیں ہیں۔مدارس اور پاکستان لازم وملزوم ہیں پاکستان کا استحکام مدارس کے وجود سے وابستہ ہے۔خدانخواستہ پاکستان پرکوئی براوقت آیاتو دینی مدارس پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوکر دفاع کریں گے۔دہشت گردی اوردہشت گردوں کے خلاف بیانیہ کی ضروت پڑی تو وفاق المدارس کی قیادت نے فتویٰ جاری کیا۔ہمارے اکابر نے ملک بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔غیرمسلم قوتیں دینی مدارس کودہشت گرد کہتے ہیں،افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے حکمران بھی وہی راگ الاپنا شروع کردیتے ہیں۔پاکستان میں دہشت گردی کا تعلق ہمیشہ حکومتوں سے رہا ہے۔مذہبی دہشت گردی اورعمومی دہشت گردی سے دینی مدارس کا کوئی تعلق نہیں۔شیعہ سنی لڑائی میں کوئی دینی مدرسہ کبھی ملوث نہیں رہا۔حکومتوں کی ناکام داخلہ پالیسیوں کی وجہ سے سنی شیعہ لڑائیاں ہوتی رہی ہیں۔

## مدارس دینیہ کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا،وفاق المدارس کے مسؤلین کا اجلاس

کراچی(مولانا طلحہ رحمانی)جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن میں وفاق المدارس العربیہ کے مسؤلین کا اہم اجلاس ناظم صوبہ سندھ مولانا امداداللہ یوسف زئی کی صدارت میں ہوا،اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں طے ہونے والے پروگرامات کا جائزہ لینے کے لئے تفصیلی غور کیا گیا،اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا امداداللہ یوسف زئی نے کہا کہ مدارس دینیہ کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہماری جدجہد جاری رہیں گی انہوں نے کہا کہ آئے دن حکومت کی بدلتی پالیسیوں پہ مدارس اوراس سے وابستہ ہزاروں افراد میں تشویش پائی جاتی ہے،مدارس کے خلاف منفی رویہ کی مذمت کرتے ہوئے وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کے طے کردہ پیغام مدارس پروگرامات منعقد کیئے جائیں گے،اوراس حوالہ اراکین عاملہ وسندھ بھر کے مسؤلین کا فوری اجلاس بھی طلب کرلیا گیا ہے،اجلاس میں طے کیا کہ عوام الناس کو مدارس دینیہ کے حوالہ سے آگاہی مہم کا سلسلہ صوبہ بھر میں جاری کرنے کا فیصلہ بھی ہوا،مولانا امداداللہ یوسف زئی نے مزید کہا کہ مدارس کوآئے روز مختلف انداز میں ہراساں کرنے کی مذموم روش اپنانا دین دشمن ایجنڈا لگتا ہے اس حوالہ سے بھی لائحہ عمل طے کیا جائے گا،میڈیا کوآرڈینٹر مولانا طلحہ رحمانی کے مطابق اس اجلاس میں کراچی سمیت صوبہ بھر میں عوامی رابطہ مہم بھی شروع کرنے کا طے ہوا،اجلاس میں مدارس کے

خلاف حکومتی منفی پالیسیوں پہ بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والوں سے بھی رابطے کرنے کے لئے کمیٹی بنانے پہ مشاورت کی گئی، اجلاس میں مولانا سمیع الحق کی شہادت، حاجی عبدالوہاب اور مولانا جمیل احمد کے انتقال کو بڑا سانحہ بھی قرار دیا گیا، اجلاس سے مولانا قاری حق نواز، مفتی اکرام الرحمٰن، مولانا محمد احمد حافظ، مولانا محمد ابراھیم سکھرگاھی، مولانا الطاف الرحمٰن، مولانا عبیدالرحمٰن چترالی، مولانا منظور احمد عباسی، مولانا جاوید جعفرانی اور مولانا عبدالجلیل ودیگر نے بھی خطاب کیا۔

## کراچی یونیورسٹی کے امتحانات، دینی اداروں کی طالبات کی پوزیشنز خوش آئند ہے

### وفاق المدارس سندھ کی جانب سے نشان اعزاز دینے کا اعلان

کراچی(مولانا طلحہ رحمانی)......کراچی یونیورسٹی کے زیر اہتمام سالانہ امتحانات میں بی اے پارٹ ون اور پارٹ ٹو میں چار پوزیشنز معروف دینی ادارہ اقراء روضۃ الاطفال کی حافظہ طالبات نے حاصل کر کے ایک ریکارڈ قائم کیا ہے، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، نائب صدور مولانا انوار الحق حقانی، مفتی محمد رفیع عثمانی، ناظم اعلی مولانا محمد حنیف جالندھری، مرکزی ناظم دفتر مولانا عبدالمجید، ناظم صوبہ سندھ مولانا امداداللہ یوسف زئی، میڈیا کوآرڈینیٹر مولانا طلحہ رحمانی سمیت مولانا ڈاکٹر عادل خان، مفتی محمد نعیم نے اقراء روضۃ الاطفال کے مفتی خالد محمود، مفتی مزمل حسین کاپڑیا اور مفتی محمد بن جمیل کو ادارہ کی بہترین تعلیمی کارکردگی پر مبارکباد دی، میڈیا کوآرڈینیٹر مولانا طلحہ رحمانی کے مطابق اقراء روضۃ الاطفال کے طلبہ وطالبات نے اس سے قبل بھی کراچی ثانوی بورڈ (میٹرک بورڈ) اور اعلی ثانوی بورڈ (انٹر بورڈ) میں گزشتہ کئی سالوں سے پوزیشن حاصل کرتے رہے ہیں اور اس سال کراچی یونیورسٹی کے زیر اہتمام بی اے (پارٹ ٹو) کے امتحان میں اول پوزیشن حافظہ حفصہ بنت انور علی، حافظہ بشائر بنت مفتی مزمل حسین کاپڑیا اور حافظہ عائشہ الیاس بنت محمد الیاس نے یکساں فیصد پہ دوم اور حافظہ حفصہ بنت قمر نے سوم پوزیشن حاصل کر کے ایک ریکارڈ بھی قائم کیا ہے، مولانا طلحہ رحمانی کے مطابق ان نتائج سے دینی اداروں کی اعلی تعلیمی کارکردگی کو دیکھا جاسکتا ہے۔ مولانا طلحہ رحمانی نے بتایا کہ اس معروف تعلیمی نیٹ ورک کے بانیوں میں مفتی محمد جمیل خان شہید تھے، اس ادارہ کے موجودہ سرپرست اعلیٰ وفاق المدارس کے صدر مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر ہیں، مولانا طلحہ رحمانی نے بتایا کہ وفاق المدارس العربیہ صوبہ سندھ کے ناظم مولانا امداداللہ یوسف زئی نے کراچی یونیورسٹی میں منفرد ریکارڈ قائم کرنے پہ پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کو وفاق المدارس سندھ کی جانب سے اعزازی شیلڈز دینے کا بھی اعلان کیا۔